انخلا کے لئے تیار رہنے کی آپ کی کٹ

انخلا کے لیے کٹ کیسے تیار کریں

ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں سیلابوں کی شدت اور خطرے کے باعث، جب آپ کو انخلا کا حکم دیا جاتا ہے تو ہوسکتا ہے کہ آپ کے پاس جانے کے لیے محض چند گھنٹے ہوتے ہیں۔

آپ کو ایک کٹ کیوں درکار ہے

- ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں ایک بڑا سیلاب آنے سے لوگوں کے گھروں کو نقصان پہنچے گا۔ اس کی وجہ سے لازمی خدمات مثلاً پانی، بجلی، گیس، روڈ اور ریل لائینوں میں بھی تعطل پیدا ہوگا۔
- جب تک آپ کو پتہ چلے گا کہ سیلاب آپ کی املاک کو متاثر کرسکتا ہے ، تو ہوسکتا ہے کہ اس جگہ کو چھوڑنے سے پہلے آپ کے پاس بہت کم وقت ہو۔ سیلابوں (یا کسی اور قدرتی آفت) کے لیے تیار رہنے کا ایک بنیادی قدم یہ ہے کہ انخلا کے لیے تیاررہنے کی کٹ تیار کی جائے۔
- اس کٹ میں وہ چیزیں شامل ہونی چاہیں جن کی آپ کو انخلا کے دوران اور اس کے فوراً بعد ضرورت پڑے گی، چاہے آپ خاندان یا دوستوں کے ہاں جارہے ہوں، یا کسی انخلا کے مرکز میں۔

اب کیا کرنا ہے

- اہم ریکارڈ اور دستاویزات (انشورنس، آئی ڈی، پاسپورٹ، وغیرہ) کو سکین کرلیں، فوٹوگراف لے لیں یا کلاؤڈ پر اپ لوڈ کردیں
- اہم رابطوں کی معلومات اپنے موبائل فون میں رکھیں (مثلاً ڈاکٹر، بجلی اور پانی کی یوٹیلیٹیز وغیرہ)
- ادویات کے نسخوں کے فوٹوگراف لے لیں یا سکین کرلیں
- اپنے گھر اور سامان کی انشورنس پالیسی کور کو چیک کریں

آپ اپنی کٹ میں پہلے سے کیا رکھ سکتےہیں

- پورٹیبل ریڈیو بمع اسپیئر بیٹریاں
- ٹارچ بمع اسپیئر بیٹریاں
- فرسٹ ایڈ کٹ (ان سپلائیز کیساتھ جو آپ کے گھربار کے لیے ضروری ہیں)
- موم بتیاں اور واٹرپروف ماچسیں
- ذاتی صفائی کی چیزیں
- قیمتی چیزوں مثلاً اہم کاغذات (جیساکہ پاسپورٹس یا انشورنس) اور قیمتی اشیا (فوٹوز، زیورات وغیرہ) کے لیے واٹرپروف تھیلا

اپنے انخلا کے لیے تیار رہنے کی کٹ میں جاتے وقت آپ نے کیا اضافہ کرنا ہے

- چند کھلونے اور فیملی گیمز
- درکار ادویات کی کافی مقدار
- چھوٹے بچوں، معذروں، کمزور اور/یا بوڑھوں کے لیے کوئی خصوصی ضروریات اور سپلائیز
- تازہ خوراک اور پینے کا پانی
- تمام گھر کے افرا د کے لیے مناسب کپڑے اور جوتے کئی مرتبہ تبدیل کرنےکے لیے
- موبائیل فون اور چارجر

پالتو اور دیگر جانوروں کے لیے آپ کو علیحدہ کٹ کی ضرورت ہے:

جانوروں کو باندھنے اور ٹرانسپورٹ، خوراک، پانی، ٹوائلٹ کرنے، ادویات، ابتدائی طبی امداد، ہاوسنگ اور بستر رکھنے پر غورکریں:

- پنجرے یا ہر پالتوجانور کواٹھانے کے لیے کیریئر؛ یا
- ہر جانور کے منہ پر چڑھانے کے لئے نیٹ اور باندھنے کے لیے ڈوری؛ یا آگے سے کھینچنے کے لیے رسی اور پٹہ
- ہرجانور کے لیے 3 سے 7 دنوں کے لیے خوراک اور پانی
- پیالہ یا خوراک کے لیے بالٹی؛ کین اوپنر اور چمچ
- اونی کمبل، تولیے یا بستر
- جانوروں کے لیے ادویات اور ابتدائی طبی امداد کی اشیا
- اپنے پالتو جانور کی ویکسینیشن کے سرٹیفیکیٹ کی فوٹو لے لیں
- بلیوں کے لیے گندگی اور گندگی ٹرے
- کتوں کے لیے پو بیگ
- پالتو جانوروں کے کھلونے

اپنی کٹ کی دیکھ بھال اور اسےسٹور کرنا

آپ کی کٹ کو ایک واٹرپروف سٹوریج کنٹینر میں رکھا ہونا چاہیے اور کسی محفوظ جگہ میں اسے سٹور کرنا چاہیے جہاں تک رسائی آسان ہو۔

باقاعدگی سے، اپنی انخلا کے لئے تیار کٹ کو چیک کریں (بیٹریوں اور ادویات پر تاریخ استعمال کو چیک کرنےکو یاد رکھیں) اور اگر ضرورت ہو تو اشیا کو دوبارہ سٹاک کرلیں۔

اور، ایمرجنسی نمبروں کی فہرست اپنے فون یا فرج پر رکھیں۔